

بسم اللہ الرحمن الرحیم

{وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ}

"اور اس سے زیادہ اچھی بات والا کون ہے جو اللہ کی طرف بلائے اور نیک کام کرے اور کہے کہ میں یقیناً مسلمانوں میں سے ہوں"

(حٰمٓ السجدۃ:33)

تعارف وسالانہ رپورٹ

دعوۃ پروجیکٹ

اندرون سندھ وبلوچستان

2016 ١٤٣٧/٣٨ھ



المدینہ اسلامک ریسرچ سینٹر

ایک دینی ادارہ ہے جو بحمد اللہ وتوفیقہ پانچ شعبہ جات:
دعوت وتبلیغ، تحقیق وتالیف، تعلیم وتربیت، دارالافتاء اور رفاہِ عامہ
میں دینی، اصلاحی وتعمیری فرائض انجام دے رہا ہے۔

اندرونِ سندھ وبلوچستان دعوہ پروجیکٹ کا اجمالی تعارف

اَلْمَدِیْنَہ اِسْلَامِک رِیسَرچ سِینٹَر کے ''شعبہ دعوت وتبلیغ'' کے تحت جاری امور میں ایک اہم پروگرام ''اندورن سندھ وبلوچستان دعوۃ پروجیکٹ'' ہے۔

وژن پاکستان کے معتبر دینی اداروں سے سندیافتہ علما واساتذہ کے ذریعے اندرونِ سندھ اور بلوچستان کے گاؤں، شہروں میں دعوت وتبلیغ اور قرآن وسنت کی بنیادی تعلیم پہنچائی جائے اور ہر سطح پر شرک وبدعت اور دینی جہالت کے خاتمہ کی کوشش کی جائے۔


اہداف ومقاصد کیونکہ ان صوبوں میں جہالت بہت عام ہے، بنیادی عصری تعلیم کا فقدان ہے، لوگ دین سے بالکل ناواقف ہیں، وسائل ومالی مشکلات کے سبب علمائے حق، مبلغین ومربی حضرات زیادہ تر شہروں کا رخ کرتے ہیں جس کی وجہ سے ان کے اپنے علاقوں میں دعوت کا عمل انتہائی پیچیدہ ہے، حتی کہ کئی مساجد میں امامت کرانے کے لیے امام تک موجود نہیں اور مسجدیں ویران اور ان پر تالے پڑے ہیں، قرآن مجید سکھانے کے لیے اساتذہ موجود نہیں۔

انہی وجوہات کی بنا پر المدینہ اسلامک سینٹر نے فضیلۃ الشیخ عبداللہ ناصر رحمانی حفظہ اللہ کی سرپرستی میں اس اہم مشن کا آغاز کیا جس کے تحت پاکستان کے معتبر دینی اداروں سے سندیافتہ علما واساتذہ کا امتحان وانٹرویو کے بعد انتخاب کیا جاتا ہے، اور معقول وظائف پر انہیں مختلف مساجد میں تعینات کیا جاتا ہے، اس اہم پروجیکٹ کی ابتدا ماہِ رمضان المبارک 1435ھ موافق جولائی 2014ء سے کی گئی جس کے تحت ابتدائی مرحلہ میں دعوتی وتعلیمی کام کا آغاز کیا گیا، دوسال مکمل ہونے کے بعد الحمدللہ امسال اس پروگرام کو مزید وسعت دینے کی انتہائی ضرورت محسوس کی جارہی ہے۔

اس پروجیکٹ کی سابقہ کارکردگی، آئندہ کے لیے لائحہ عمل نیز ضروریات کی تفصیل اگلے صفحات میں ملاحظہ فرمایئے۔

① مبلغین، مدرسین ونگران

ابتدا میں انتہائی محدود وسائل کی وجہ سے 6 عدد مبلغین مقرر کیے گئے تھے، پھر سال 2016 میں ان کی تعداد علاقائی ضرورت کی وجہ سے بڑھا کر 27 کردی گئی۔ اور نگرانی کے لیے 3 جید علمائے کرام کی خدمات حاصل کی گئیں ہیں۔ الحمدللہ



- مبلغین کی تعداد 26
- تدریسی ودعوتی نگرانی کے لئے 3
- معلمین کی تعداد 8

② اضلاع، علاقہ جات، مساجد ومدارس

سندھ و بلوچستان کے جن علاقوں میں ہمارے مبلغین ومدرسین دعوتی سرگرمیوں میں بحمد اللہ مصروف ہیں ان کے اعداد و شمار درج ذیل ہیں۔



- مساجد جن میں دعوتی سرگرمیاں جاری ہیں 100
- دیہات/شہر 70
- اضلاع کی تعداد 12

دعوۃ پروجیکٹ کے اعداد و شمار

اضلاع کے اعتبار سے مبلغین و معلمین کی تفصیل

① صوبہ سندھ

لاڑکانہ	1	نوشہرو فیروز	2
بدین	1	تھرپارکر	11
نوابشاہ	3	میرپورخاص	1
شکارپور	1	سانگھڑ	4
خیرپور	2	مٹیاری	3

② صوبہ بلوچستان

حب چوکی لسبیلہ	1	سوراب خضدار	1
تربت	2		

دعوتی، تبلیغی وتدریسی ماہانہ رپورٹ

المدینہ اسلامک ریسرچ سینٹر ہر ماہ اندرونِ سندھ دعوۃ پراجیکٹ کی ماہانہ رپورٹ تیار وجاری کرتا ہے جس میں ہر مبلغ (عالم) و مدرّس کی ایک تفصیلی اور ایک اجمالی رپورٹ شامل ہوتی ہے جو مندرجہ ذیل امور پر مشتمل ہوتی ہے:

① مبلغ کی ماہانہ رپورٹ

- مبلغ کا تفصیلی تعارف
- ان کا مشرف میدانی یعنی فیلڈ نگران
- متعین مرکزی مسجد
- دیگر مساجد جن میں وہ اپنی مرکزی مسجد کے علاوہ مستقل تبلیغی وتربیتی فرائض انجام دے رہا ہے
- ان مساجد میں دیے جانے والے دروس کی مجموعی تعداد
- ماہانہ خطبات جمعہ کی تعداد
- مساجد اور دروس وخطبات جمعہ وغیرہ میں شریک ہونے والوں کی مجموعی تعداد
- عیدین اگر پڑھائی ہوں
- اگر کوئی خاص اصلاحی وتربیتی اجتماع منعقد کیا گیا ہو اس کی تفصیل
- ان سب دعوتی پروگرامز کا مقام
- موضوعات
- شرکا کی مجموعی تعداد

② مدرسہ کی ماہانہ رپورٹ

- معلم ومدرّس کا مکمل تعارف
- زیرِ تعلیم طلبہ کی حاضری
- ناظرہ اور حفظ القرآن میں پڑھنے والے طلبا وطالبات کی مجموعی تعداد
- ماہانہ مفصل تعلیمی جائزہ
- ماہانہ مقدارِ خواندگی



یہ رپورٹ 2017 میں ویب سائٹ پر بھی جاری ہوگی جس میں
ماہانہ وار ہونے والی دعوتی سرگرمیوں کو اپ ڈیٹ کیا جائے گا، ان شاء اللہ

گذشتہ ایک سال میں ہمارے
معلمین کی اجمالی کارکردگی درج ذیل ہے[1]

ضلع/تحصیل: گولارچی، مٹھی، ڈیپلو، اسلامکوٹ

مدارس کی کل تعداد	10	حفظ مکمل کرنے والے	7
طلبہ وطالبات کی تعداد	576	قاعدہ مکمل کرنے والے	147
ناظرہ مکمل کرنے والے	88		

ڈویژن میں مثالی کام: 7 عدد بچیاں قرآن کریم حفظ کر رہی ہیں جہاں بڑوں کو قاعدہ، کلمہ بھی نہیں آتا۔

ضلع/تحصیل: لاڑکانہ، شکارپور، خیرپور، نوشھرو فیروز

مدارس کی کل تعداد	5	حفظ مکمل کرنے والے	5
طلبہ وطالبات کی تعداد	237	قاعدہ مکمل کرنے والے	45
ناظرہ مکمل کرنے والے	42		


ضلع/تحصیل: سانگھڑ، نوابشاہ، مٹیاری، میرپورخاص

مدارس کی کل تعداد	7	حفظ مکمل کرنے والے	0
طلبہ وطالبات کی تعداد	413	قاعدہ مکمل کرنے والے	128
ناظرہ مکمل کرنے والے	15		

[1] نوٹ: اس میں بلوچستان شامل نہیں

سال 2016 میں حاصل کیے جانے والے اہداف[1]

مجموعی طور پر دعوت و تبلیغ کے اعداد و شمار



مجموعی طور پر حلقات القرآن کے اعداد و شمار



[1] نوٹ: اس میں بلوچستان شامل نہیں

① تعلیمی نصاب





الحمد للہ ادارہ کی طرف سے طلباء و طالبات کے لئے عقیدہ، نماز، احادیث، سیرت نبوی ﷺ، مسنون اذکار و دعاؤں اور اسلامی اخلاق و آداب پر مشتمل سندھی زبان میں ایک مستقل نصاب ترتیب دیا گیا ہے جس کی باقاعدہ تعلیم بھی مذکورہ مدارس اور مساجد میں تقریباً 1200 طلبہ و طالبات کو دی جارہی ہے۔ جو ایک سال میں مکمل مع ترجمہ حفظ کرائی جاتی ہے۔ جس کا ششماہی و سالانہ بنیادوں پر امتحان کرایا جاتا ہے۔

② دعوتی واصلاحی لٹریچر

دعوتی واصلاحی پمفلٹ بھی سندھی زبان میں ترجمہ ہو چکے ہیں جو شائع اور مفت تقسیم کے لیے تیار ہیں مثلاً:




توحید پمفلٹ

عقیدہ توحید اور شبہات کا مدلل جواب



حصن المسلم

سنت نبوی ﷺ سے ماخوذ دعائیں



ترجمہ نمازِ نبوی ﷺ


سنتِ نبوی ﷺ کے مطابق نماز کا مکمل اور مدلل طریقہ

سال 2017 کے اہداف

- علما و مبلغین کی تعداد بڑھا کر کم از کم 40 کی جائے گی۔
- سندھ و بلوچستان کے بقیہ تمام اضلاع میں دعوتی ضرورت کے پیش نظر علما و مبلغین کا نیٹ ورک پھیلایا جائے گا۔
- تعلیم بالغاں کے لیے نصاب مرتب کیا جائے گا۔ اردو و عربی کتب کا سندھی ترجمہ قابل مبلغین سے کرا کر سندھ و بلوچستان میں مفت تقسیم کرایا جائے گا۔
- جدید دور کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے علمی رسائل و ذخیرہ کتبِ احادیث کے مطالعہ کو آسانی و یقینی بنانے کے لیے علمائے کرام اور داعیانِ دین کو جدید ٹیکنالوجی (کمپیوٹر، انٹرنیٹ، الیکٹرونک مکتبات) سے روشناس کرایا جائے گا۔ تاکہ وہ کم خرچ و کم وقت میں بہ آسانی علمی دروس و خطبات کی تیاری کے لیے مطالعہ کر سکیں۔
- سندھی و بلوچی زبان میں دعوتی لٹریچر شائع و تقسیم کرایا جائے گا۔

سالانہ حالیہ و مستقبل کا تخمینہ برائے سندھ دعوۃ پراجیکٹ[1]

سندھ دعوۃ پروجیکٹ حالیہ سال 2016 میں ہونے والے اخراجات



مبلغین 25 عدد
اجمالی سالانہ 3,600,000 | اجمالی ماہانہ 300,000

معلم 4 عدد
اجمالی سالانہ 480,000 | اجمالی ماہانہ 40,000

نگران 3 عدد
اجمالی سالانہ 720,000 | اجمالی ماہانہ 60,000


نگران TADA 3 عدد
اجمالی سالانہ 360,000 | اجمالی ماہانہ 30,000

متفرقات[2]
260,000

نصاب (حسب ضرورت)
1000 عدد
54,000

مجموعی 5,474,000 روپے

سندھ دعوۃ پروجیکٹ سال 2017 کا تخمینہ بجٹ



مبلغین 40 عدد
اجمالی سالانہ 5,760,000 | اجمالی ماہانہ 480,000

معلم 4 عدد
اجمالی سالانہ 480,000 | اجمالی ماہانہ 40,000

نگران 3 عدد
اجمالی سالانہ 720,000 | اجمالی ماہانہ 60,000

نگران TADA 3 عدد
اجمالی سالانہ 480,000 | اجمالی ماہانہ 40,000

متفرقات[2]
375,000

نصاب (حسب ضرورت)
1000 عدد
54,000

مجموعی سالانہ 7,869,000 روپے

[1] نوٹ: بلوچستان میں ہونے والے اخراجات شامل نہیں

[2] امتحانات، انعامات، اسٹیشنری، مبلغین TADA

تصاویر گیلری

















آیئے! ہمارے ساتھ دعوت وتبلیغ کے اس عظیم نبوی مشن میں کسی بھی وسیلے سے شامل ہوکر فرمان رسول ﷺ:
"بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً" "میری طرف سے پہنچاؤ خواہ وہ ایک آیت ہی کیوں نہ ہو" کا فریضہ انجام دیں۔
یقیناً ایک بھی شخص کی ہدایت میں آپ ذریعہ بن گئے تو یہ آپ کے لیے بہترین نعمت اور آخرت کا عظیم سرمایہ ہے۔ کیونکہ فرمانِ نبوی ﷺ ہے: اللہ کی قسم! تمہارے ذریعہ اللہ کسی ایک شخص کو ہدایت دے دے، یہ تمہارے لیے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔ (بخاری، مسلم)

سلسلہ	کیٹگری	اخراجات ماہانہ/ فی عدد	اخراجات سالانہ/ مجموعی
1	مبلغ دین	15,000	180,000
2	معلم القرآن والحدیث	10,000	120,000
3	امام مسجد	8,000	96,000
4	طباعت نصاب (دو ہزار)		80,000
5	طباعت دعوتی لٹریچر 1000 عدد		25,000
6	مصاحف	350 روپے (فی نسخہ)	
7		25 روپے فی قاعدہ/350 روپے فی عدد	

گزارش معلم ومبلغ کی تاحیات کفالت کی ذمہ داری لیں تاکہ یہ کام آپ کے لیے قیامت تک صدقہ جاریہ بنا رہے اور دین کی تبلیغ جاری وساری رہے۔

اظہار تشکر آخر میں یہ دعا ہے کہ رب العالمین اس عمل کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، اس میں برکت واستقامت عطا فرمائے، معاشرے کی اصلاح میں اسے اہم ذریعہ بنائے اور کسی بھی طرح اس میں معاونت اور شرکت کرنے والوں کے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔ اللھم آمین۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین

Al-Madinah Islamic Research Center Masjid Saad Bin Abi Waqas,
11th Commercial Street, Near Nisar Shaheed Park,D.H.A IV, Karachi, Pakistan
021-35896959|0322-2056928| 0333-3574685 islamfort.com /islamfort1

Account Details
Account no:20311-714-195548 Branch Code:0156
IBAN no:PK35 NPBL 0156 0271 40195548
HABIB METROPOLITAN BANK LTD.MEREWEATHER TOWER BRANCH KARACHI



بسم اللہ الرحمن الرحیم

{وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ}

"اور اس سے زیادہ اچھی بات والا کون ہے جو اللہ کی طرف بلائے اور نیک کام کرے اور کہے کہ میں یقیناً مسلمانوں میں سے ہوں"

(حٰمٓ السجدۃ:33)

تعارف وسالانہ رپورٹ

دعوۃ پروجیکٹ

اندرون سندھ وبلوچستان

2016 ١٤٣٧/٣٨ھ



المدینہ اسلامک ریسرچ سینٹر

ایک دینی ادارہ ہے جو بحمد اللہ وتوفیقہ پانچ شعبہ جات:
دعوت وتبلیغ، تحقیق وتالیف، تعلیم وتربیت، دارالافتاء اور رفاہِ عامہ
میں دینی، اصلاحی وتعمیری فرائض انجام دے رہا ہے۔

اندرونِ سندھ وبلوچستان دعوہ پروجیکٹ کا اجمالی تعارف

اَلْمَدِیْنَہ اِسْلَامِک رِیسَرچ سِینٹَر کے ''شعبہ دعوت وتبلیغ'' کے تحت جاری امور میں ایک اہم پروگرام ''اندورن سندھ وبلوچستان دعوۃ پروجیکٹ'' ہے۔

وژن پاکستان کے معتبر دینی اداروں سے سندیافتہ علما واساتذہ کے ذریعے اندرونِ سندھ اور بلوچستان کے گاؤں، شہروں میں دعوت وتبلیغ اور قرآن وسنت کی بنیادی تعلیم پہنچائی جائے اور ہر سطح پر شرک وبدعت اور دینی جہالت کے خاتمہ کی کوشش کی جائے۔


اہداف ومقاصد کیونکہ ان صوبوں میں جہالت بہت عام ہے، بنیادی عصری تعلیم کا فقدان ہے، لوگ دین سے بالکل ناواقف ہیں، وسائل ومالی مشکلات کے سبب علمائے حق، مبلغین ومربی حضرات زیادہ تر شہروں کا رخ کرتے ہیں جس کی وجہ سے ان کے اپنے علاقوں میں دعوت کا عمل انتہائی پیچیدہ ہے، حتی کہ کئی مساجد میں امامت کرانے کے لیے امام تک موجود نہیں اور مسجدیں ویران اور ان پر تالے پڑے ہیں، قرآن مجید سکھانے کے لیے اساتذہ موجود نہیں۔

انہی وجوہات کی بنا پر المدینہ اسلامک سینٹر نے فضیلۃ الشیخ عبداللہ ناصر رحمانی حفظہ اللہ کی سرپرستی میں اس اہم مشن کا آغاز کیا جس کے تحت پاکستان کے معتبر دینی اداروں سے سندیافتہ علما واساتذہ کا امتحان وانٹرویو کے بعد انتخاب کیا جاتا ہے، اور معقول وظائف پر انہیں مختلف مساجد میں تعینات کیا جاتا ہے، اس اہم پروجیکٹ کی ابتدا ماہِ رمضان المبارک 1435ھ موافق جولائی 2014ء سے کی گئی جس کے تحت ابتدائی مرحلہ میں دعوتی وتعلیمی کام کا آغاز کیا گیا، دوسال مکمل ہونے کے بعد الحمدللہ امسال اس پروگرام کو مزید وسعت دینے کی انتہائی ضرورت محسوس کی جارہی ہے۔

اس پروجیکٹ کی سابقہ کارکردگی، آئندہ کے لیے لائحہ عمل نیز ضروریات کی تفصیل اگلے صفحات میں ملاحظہ فرمایئے۔

① مبلغین، مدرسین ونگران

ابتدا میں انتہائی محدود وسائل کی وجہ سے 6 عدد مبلغین مقرر کیے گئے تھے، پھر سال 2016 میں ان کی تعداد علاقائی ضرورت کی وجہ سے بڑھا کر 27 کردی گئی۔ اور نگرانی کے لیے 3 جید علمائے کرام کی خدمات حاصل کی گئیں ہیں۔ الحمدللہ



- مبلغین کی تعداد 26
- تدریسی ودعوتی نگرانی کے لئے 3
- معلمین کی تعداد 8

② اضلاع، علاقہ جات، مساجد ومدارس

سندھ و بلوچستان کے جن علاقوں میں ہمارے مبلغین ومدرسین دعوتی سرگرمیوں میں بحمد اللہ مصروف ہیں ان کے اعداد و شمار درج ذیل ہیں۔



- مساجد جن میں دعوتی سرگرمیاں جاری ہیں 100
- دیہات/شہر 70
- اضلاع کی تعداد 12

دعوۃ پروجیکٹ کے اعداد و شمار

اضلاع کے اعتبار سے مبلغین و معلمین کی تفصیل

① صوبہ سندھ

لاڑکانہ	1	نوشہرو فیروز	2
بدین	1	تھرپارکر	11
نوابشاہ	3	میرپورخاص	1
شکارپور	1	سانگھڑ	4
خیرپور	2	مٹیاری	3

② صوبہ بلوچستان

حب چوکی لسبیلہ	1	سوراب خضدار	1
تربت	2		

دعوتی، تبلیغی وتدریسی ماہانہ رپورٹ

المدینہ اسلامک ریسرچ سینٹر ہر ماہ اندرونِ سندھ دعوۃ پراجیکٹ کی ماہانہ رپورٹ تیار وجاری کرتا ہے جس میں ہر مبلغ (عالم) و مدرّس کی ایک تفصیلی اور ایک اجمالی رپورٹ شامل ہوتی ہے جو مندرجہ ذیل امور پر مشتمل ہوتی ہے:

① مبلغ کی ماہانہ رپورٹ

- مبلغ کا تفصیلی تعارف
- ان کا مشرف میدانی یعنی فیلڈ نگران
- متعین مرکزی مسجد
- دیگر مساجد جن میں وہ اپنی مرکزی مسجد کے علاوہ مستقل تبلیغی وتربیتی فرائض انجام دے رہا ہے
- ان مساجد میں دیے جانے والے دروس کی مجموعی تعداد
- ماہانہ خطبات جمعہ کی تعداد
- مساجد اور دروس وخطبات جمعہ وغیرہ میں شریک ہونے والوں کی مجموعی تعداد
- عیدین اگر پڑھائی ہوں
- اگر کوئی خاص اصلاحی وتربیتی اجتماع منعقد کیا گیا ہو اس کی تفصیل
- ان سب دعوتی پروگرامز کا مقام
- موضوعات
- شرکا کی مجموعی تعداد

② مدرسہ کی ماہانہ رپورٹ

- معلم ومدرّس کا مکمل تعارف
- زیرِ تعلیم طلبہ کی حاضری
- ناظرہ اور حفظ القرآن میں پڑھنے والے طلبا وطالبات کی مجموعی تعداد
- ماہانہ مفصل تعلیمی جائزہ
- ماہانہ مقدارِ خواندگی



یہ رپورٹ 2017 میں ویب سائٹ پر بھی جاری ہوگی جس میں ماہانہ وار ہونے والی دعوتی سرگرمیوں کو اپ ڈیٹ کیا جائے گا، ان شاء اللہ